Wednesday, June 05, 2013, Rajab ul Murajjab 25, 1434 A.H.

فرمانِ الٰہی

جنگ

Home Jang The News RSS Tariff Feedback Viewers' Forum Blog Archive Contact Us




My Let's倶楽部／パナソニック
レッツノート最上位モデル／プレミアム エディションは高性能！3年特別保障も
AdChoices

بانی میر خلیل الرحمٰن
گروپ چیف ایگزیکٹو ایڈیٹر
میر جاوید رحمٰن
گروپ چیف ایگزیکٹو ایڈیٹر انچیف
میر شکیل الرحمٰن

جنگ آج کا اخبار
تازہ ترین خبریں
اہم خبریں
ملک بھر سے
شہر قائد / شہر کی آواز
سندھ بھر سے
دنیا بھر سے
یورپ سے
ادارتی صفحہ
دل لگی
دلچسپ حیرت انگیز
تعلیم صحت خواتین
بزنس
اسپورٹس
مراسلات
کارٹون
جنگ کلاسیفائیڈ New
امتحانی نتائج
میرا شہر

## تازہ ترین

### نواز شریف 244 ووٹ لے کر تیسری بار وزیراعظم منتخب



اسلام آباد......میاں نواز شریف نے 244 ووٹ لے کر تیسری بار وزیراعظم پاکستان منتخب ہو کر تاریخ رقم کردی۔نومنتخب 14ویں قومی اسمبلی نے بھاری اکثریت سے مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نواز شریف کو قائد ایوان منتخب کرلیا،نومنتخب وزیراعظم آج شام کو اپنے عہدے کا حلف اٹھائیں گے۔ نواز شریف کا مقابلہ پیپلز پارٹی کے مخدوم امین فہیم اور تحریک انصاف کے مخدوم جاوید ہاشمی سے تھا۔نواز شریف کو وزارت عظمیٰ کیلئے جے یو آئی (ف)، ایم کیو ایم، آفتاب خان شیر پاؤ اور فاٹا ارکان کی حمایت حاصل تھی،انہوں نے 244 ووٹ حاصل کئے،مخالف امیدواروں مخدوم امین فہیم 42 اور مخدوم جاوید ہاشمی 31 ووٹ حاصل کرسکے۔ وزیراعظم کا انتخاب قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت اجلاس میں ارکان کی تقسیم کے ذریعے کیا گیا، ہر امیدوار کیلئے ایوان میں مخصوص لابی بنائی گئی تھی، لابی ''اے'' مسلم لیگ ن کے میاں نواز شریف، لابی ''بی'' پاکستان پیپلز پارٹی کے مخدوم امین فہیم جبکہ لابی ''سی'' تحریک انصاف کے جاوید ہاشمی کیلئے مختص کی گئی تھی، ارکان اسمبلی نے اپنی پسند کے امیدوار کی لابی میں جا کر اس کی حمایت کا اظہار کیا جس کے بعد اسپیکر نے ووٹوں کی گنتی کے بعد میاں محمد نواز شریف کی کامیابی کا اعلان کیا۔ نومنتخب وزیراعظم آج شام صدر مملکت آصف علی زرداری سے ایوان صدر اسلام آباد میں اپنے عہدے کا حلف لیں گے۔ مسلم لیگ ن کے نواز شریف کے تجویز کنندگان میں محمود اچکزئی، صدرالدین شاہ راشدی، عباداللہ، خواجہ آصف، انوشہ رحمٰن اور خواجہ سعد رفیق شامل تھے جبکہ تائید کنندگان میں سردار یوسف، عبدالقادر بلوچ، طارق فضل چوہدری، ڈاکٹر درشن، زاہد حامد اور اسفندیار بھنڈارا شامل تھے۔ تحریک انصاف کے امیدوار جاوید ہاشمی کا قائد ایوان کیلئے نام عارف علوی نے تجویز کیا جبکہ غلام سرور نے اس کی تائید کی۔ پیپلز پارٹی کے امیدوار امین فہیم کا نام ڈاکٹر فہمیدہ مرزا، نوید قمر، رمیش لال، نفیسہ شاہ اور عمران لغاری نے تجویز کیا جبکہ تائید کنندگان میں خورشید شاہ، علی گوہر مہر، غلام رسول کوریجہ، نعمان اسلام شیخ اور کمال خان شامل تھے۔

ELECTION 2013 پاکستان کو ووٹ دو
JANG MOBILE
سنڈے میگزین
مڈویک میگزین
ہر لمحہ تازہ ترین